مدارس دینیہ کے لئے ایک دستور العمل

مولانا مشرف علی تھانوی مدظلہم
خازن وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مدارس دینیہ میں طلباء کی دینی تعلیم کا اہتمام تو ہوتا ہے مگر ان کی اخلاقی تربیت کی طرف بعض اوقات توجہ کم ہوتی ہے جس کی وجہ سے طلبا میں دین کا ذوق اور رنگ نمایاں نہیں ہوتا۔ نہایت ادب کے ساتھ ارباب اہتمام اور اساتذہ کی خدمت میں ہم یہ گذارش کرتے ہیں کہ:

۱..... طلباء میں لباس دینی وضع قطع اور اخلاق کی تربیت کا اہتمام کیجئے

۲..... ٹخنے کھلے رکھنے کی عادت ڈالیئے، صرف نماز کے وقت نہیں بلکہ ہر وقت۔

۳..... ننگے سر پھرنے سے طلباء کو سختی سے منع کیجئے۔

۴..... نماز جماعت سے پڑھنے کی خاص تاکید کیجئے، اس میں غفلت قابل مواخذہ ہونی چاہیے۔

۵..... جس اہتمام سے اساتذہ وضو کے مسائل پڑھاتے ہیں، گاہے بگاہے، طلباء کو بٹھا کر وضو کرنا سکھایئے اور ان سے وضو کروا کر دیکھئے، عملی مشق اصلاح کیجئے۔

۶..... حفظ و ناظرہ کے درجات میں جیسے نماز سکھانے کا اہتمام ہوتا ہے، بڑے طلباء کو بھی کبھی کبھی نماز اپنے سامنے پڑھوا کر دیکھئے غلطی ہو تو اصلاح کیجئے۔

۷..... اذان اور تکبیر کہنا سکھایئے اور بار بار پوری توجہ سے اذان کہلوا کر اور تکبیر کہلوا کر دیکھیں، غلطی پر توجہ دلایئے

۸..... ہر عمل میں سنت پر عمل کی نگرانی بہت ضروری ہے یقیناً ہماری انفرادی اجتماعی ملکی اور علاقائی تمام پریشانیوں کا حل رجوع الی اللہ میں ہے، اسباب بھی کسی درجہ میں مفید ہوتے ہیں مگر نظر مسبب الاسباب پر ہونی ضروری ہے، اس لئے طلباء بہت بڑا ذریعہ ہیں۔

روزانہ فجر کی نماز کے بعد مدرسہ کے تعلیمی اوقات شروع ہونے کے بعد صرف پندرہ منٹ کے لئے اساتذہ وطلباء جمع ہوکر چندافراد ختم خواجگان پڑھ لیں اور چندافراد منزل پڑھ لیں، پھرسب مل کر اپنے لئے مدرسہ کے لئے طلباء واساتذہ کے لئے دعا کرلیں، اس کے بعد اپنے اسباق میں مشغول ہوجائیں۔روزانہ حفظ وناظرہ کے درجات میں چھٹی سے پانچ منٹ قبل اس طرح دعا کا اہتمام کریں۔

یااللہ: آج صبح سے اب تک ہم نے جتنا قرآن پاک پڑھا اور سنا ہے اس کا ثواب تمام انبیاء علیہم السلام، تمام صحابہ تابعین تبع تابعین، ائمہ مجتہدین، فقہاء محدثین، اولیاء وعارفین اور تمام مومنین اور مسلمین، مسلمات کو عطا فرما۔ خصوصا جن حضرات نے اپنے یا اپنے اعزہ واحباب کے لئے ہم سے دعا کی درخواست کی ہے انہیں بھی اس میں شامل فرما۔

یااللہ: ہم سب کو قرآن پاک کی برکتوں سے نواز۔ ہمیں اس کو صحیح طریقہ پر سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرما۔ نیز ہمیں دین اور دنیا کی راحتیں نصیب فرما ہم سب کے اور تمام مسلمانوں کے جان و مال عزت وآبرو کی حفاظت فرما۔

یااللہ: اس ادارے اور دین کی تمام درسگاہوں کی حفاظت فرما۔ اور ان درس گاہوں کی غیب سے مدد فرما کر ہر ضرورت کو پورا فرما۔ تمام اساتذہ وملازمین، منتظمین ومعاونین اور محبین کے جان ومال عزت وآبرو کی حفاظت فرما اور سب کو اس کی برکت سے ایمان کامل، اعمال صالحہ، اخلاص نیت اور جذبہ ایثار وہمدردی عطا فرما۔ ان سب کو تمام امراض ظاہری وباطنی سے شفاء کاملہ وعاجلہ ومستمرہ عطا فرما۔ ان کی اولاد کو نیک وصالح بنا۔ تمام مسلمانوں کو رزق حلال عطا فرما۔ حرام، فسق وفجور اور نفاق سے حفاظت فرما۔

یااللہ: پاکستان اور دوسرے اسلامی ممالک کی حفاظت فرما، دشمنان دین کے دجل وفریب سے مسلمانوں کے ممالک کی حفاظت فرما اور تمام مسلم ممالک میں اتحاد واتفاق عطا فرما۔ عالم اسلام کے مسلمانوں کو غلبہ قوۃ وشوکت عطا فرما۔

یااللہ: ہم سب کی یہ تمام دعائیں قبول فرما تو ہم سب سے راضی ہوجا اور ہمیں راضی کردے (آمین)

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

(نوٹ) تمام مدارس کے منتظمین واساتذہ طلباء کے ساتھ ان دعاؤں میں شریک ہوں انشاء اللہ ان کی برکت سے حق تعالی مدارس کی غیب سے مدد فرمائیں گے